# Behaviour code for students

Information for students and parents or carers

# طالبعلموں کے لیے طرز عمل کا ضابطہ

طالبعلموں اور والدین یا سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

NSW کے پبلک سکول بہت سے مختلف ماحولوں میں سب لوگوں کے لیے محفوظ، مددگار اور ضرورت پوری کرنے والے تعلیمی ماحول فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ ہم سب کو شامل رکھنے والے اور ایسے محفوظ رویّوں کی تعلیم اور عملی نمونہ پیش کرتے ہیں جو ہم اپنے طالبعلموں میں دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

## NSW کے پبلک سکولوں میں طالبعلموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ہر ممکن حد تک:

- دوسرے طالبعلموں، اپنے اساتذہ اور سکول کے عملے اور کمیونٹی کے ارکان کا احترام ظاہر کریں
- سکول اور کلاس کے اصولوں پر عمل کریں اور اپنے اساتذہ کی ہدایات پر عمل کریں
- تعلیم میں اعلی ترین معیاروں کو حاصل کرنے کی کوشش کریں
- دوسروں کے ساتھ لحاظ اور احترام سے پیش آئیں جس سے سکول کمیونٹی کے تمام ارکان کو محسوس ہو کہ ان کی قدر کی جاتی ہے، انہیں شامل رکھا جاتا ہے اور انہیں حمایت حاصل ہے
- احترام، سکون اور منصفانہ سلوک کے ذریعے اختلافات حل کریں
- سکول کی طے کردہ یونیفارم پالیسی یا لباس کے ضابطے پر عمل کریں
- روزانہ سکول آئیں (سوائے اس کے کہ انہیں قانونی رخصت حاصل ہو)
- تمام املاک کا خیال رکھیں
- محفوظ رہیں، لڑائی جھگڑا نہ کریں اور ہمارے سکولوں میں ہتھیار، غیر قانونی منشیات، شراب، ویپس، ای سگرٹس یا تمباکو نہ لائیں
- ہمارے سکولوں میں کسی کو بھی بلنگ (ڈرانے)، ہراسمنٹ (ستانے)، خوفزدہ کرنے یا امتیازی سلوک کا نشانہ بنانے سے باز رہیں۔

سکول طالبعلم کے اپنے لیے یا دوسروں کے لیے نقصان دہ روّیے یا معیاری تدریس و تعلیم میں رکاوٹ ڈالنے والی حرکتوں پر ایکشن لیتے ہیں۔

## تمام طالبعلموں کا حق ہے کہ:

- وہ سکول میں محفوظ رہیں
- وہ تعلیم حاصل کر یں اور پوری طرح سیکھیں
- دوسرے طالبعلم، اساتذہ اور سکول کا عملہ ان کے ساتھ احترام کا سلوک کریں
- وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں، اپنے اہداف طے کریں اور اپنے لیے آواز اٹھائیں۔

پرنسل اور سکول کا عملہ اپنی پیشہ ورانہ صوابدید کو بروئے کار لاتے ہوئے ان مقاصد کے لیے سب سے بہتر پوزیشن میں ہوتے ہیں کہ وہ ڈسپلن قائم رکھیں اور محفوظ، مددگار اور ضرورت پوری کرنے والے تعلیمی ماحول فراہم کریں اور جب طالبعلم ان توقعات کو پورا نہ کر رہے ہوں تو مناسب ایکشن لیں۔

ڈیپارٹمنٹ پالیسی فریم ورک اور وسائل فراہم کرنے کے لیے ذمہ دار ہے جیسا کہ قانونی معاملات کے بلیٹن، ماہرانہ مشورہ دلانا اور پرنسپلوں اور ان کے عملے کو اپنی پیشہ ورانہ صوابدید کے استعمال میں رہنمائی کے لیے پیشہ ورانہ تربیت دلانا۔

اس سلسلے میں NSW گورنمنٹ اور ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن مقامی سطح پر پرنسپلوں اور سکول کے عملے کے اختیارات اور صوابدید کی تائید کریں گے۔

## طالبعلموں کے لیے طرز عمل کا ضابطہ: طالبعلموں کے لیے اقدامات

NSW کے پبلک سکولوں میں سب طالبعلموں کو شامل رکھنے اور ان کی تعلیم، فلاح اور حفاظت کو فروغ دینا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کے لیے ایک اہم ترجیح ہے۔

ہم بہت سے مختلف ماحولوں میں تدریس اور تعلیم کے ایسے طریقے استعمال کرتے ہیں جن سے طالبعلموں کو وہ صلاحیتیں پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے جن سے وہ احترام، حفاظت اور لگن سے کام کرنے کے سلسلے میں ہمارے بلند معیار پورے کرنے کے لیے درکار صلاحیتیں پیدا کریں۔

**مندرجہ بالا توقعات کو پورا کرنے کے لیے NSW کے پبلک سکولوں کے طالبعلموں کو ہر ممکن حد تک مندرجہ ذیل اصولوں کی تعمیل کرنی چاہیے۔**

NSW GOVERNMENT

## احترام

- ایک دوسرے کے ساتھ عزت سے پیش آئیں۔
- اپنی کمیونیکیشن اور روّیے میں لحاظ سے کام لیں۔
- دوسرے طالبعلموں، اساتذہ اور سکول کے عملے کے ساتھ تعاون کا برتاؤ کریں اور مل کر کام کریں۔
- مثبت اور احترام کے حامل تعلقات بنائیں۔
- دوسروں کی دلچسپیوں، صلاحیتوں یا معذوریوں اور کلچر کو عزت کی نظر سے دیکھیں۔
- دوسرے طالبعلموں کی تعلیمی ضروریات کا لحاظ کریں۔
- طے شدہ سکول یونیفارم یا لباس کے قاعدوں کے مطابق لباس پہنیں۔
- سکول کی املاک اور عملے اور دوسرے طالبعلموں کی ملکیتی چیزوں کے ساتھ احتیاط برتیں۔

## حفاظت

- سکول اور کلاس کے اصولوں کا عملی نمونہ پیش کریں اور ان پر عمل کریں، اور روّیے اور طرز عمل کے حوالے سے توقعات پوری کریں۔
- اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کریں۔
- یہ احساس رکھیں اور ذمہ داری قبول کریں کہ ان کے روّیے اور حرکتوں سے دوسرے لوگ کیسے متاثر ہوتے ہیں۔
- اپنا اور دوسروں کا خیال رکھیں۔
- محفوظ رہیں اور دوسروں کو محفوظ فیصلے کرنے میں مدد دیں تاکہ خود انہیں یا کسی اور کو نقصان نہ پہنچے۔

## لگن سے کام

- سکول اور کلاس میں وقت پر پہنچیں۔
- ہر کلاس کے لیے تیار ہو کر آئیں۔
- سیکھنے میں فعال طریقے سے شریک ہوں۔
- تعلیم کے اعلی ترین معیار حاصل کرنے کی تمنا رکھیں اور اس کے لیے کوشش کریں۔

### ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔ اس سروس کے لیے آپ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔